تھیٹر

استاد کے لیے

- ابواب اور اسباق کے ناموں کو ڈرامہ کی تحریر کی مانند ایکٹس (Acts) اور مناظر میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح ابواب اور اسباق کی تقسیم کی گئی۔
  ایکٹ 1 = باب 1
  منظر 1 = سبق 1
  منظر 2 = سبق 2
- وِدوشک ہندوستانی روایتی تھیٹر سے ایک کردار ہے۔ اس کردار کا استعمال سنسکرت تھیٹر میں ہوا تھا تاکہ مناظر کو مزاح اور ترتیب سے جوڑا جا سکے۔ یہ کردار موقع کی مناسبت سے کوئی بھی شکل اختیار کر سکتا اور اس کے بارے میں بول سکتا ہے۔ یہاں اس کا استعمال بچوں کے دوست کی حیثیت سے ہوا ہے جو ان کو تھیٹر کے نظریے اور خیالات سے آگاہ کرتا رہے گا اور ایک سرگرمی سے دوسری سرگرمی کے دوران معلومات سے رہنمائی کرتا رہے گا۔ 'وِدوشک' بچوں سے باتیں کرے گا۔
- سرگرمی کے لیے ایک کشادہ خالی کمرہ یا کھیل کا میدان جو ہر رکاوٹ یا دھاردار نکیلی چیزوں سے محفوظ ہو، مہیا کیا جائے جس میں وہ آزادی سے حرکت کر سکیں۔
- طلبا سے کچھ کرنے کے لیے کہنے سے قبل استاد کو سرگرمی خود کر کے دکھانی ہوگی۔ یہ ضروری ہے کہ طلبا غور و فکر کے بعد خود اپنے خیالات یا Ideas کے ساتھ آگے آئیں۔ کیو آر کوڈ میں مثالیں اور خیالات دے دیے گئے ہیں تاکہ سرگرمی کے دوران ان سے اساتذہ کی مدد ہو سکے۔
- کلاس کی ضرورت کے مطابق، جتنی مرتبہ چاہے، استاد کو سرگرمی دہرانے کی آزادی ہے۔

© NCERT not to be republished

اگر ہاں! تو آپ پہلے سے ہی تھیٹر میں اچھے ہیں!

تھیٹر ایک تفریحی طریقہ ہے جس میں کہانیاں زندہ ہو جاتی ہیں، جو کچھ آپ نے سوچا ہے وہ آپ کے سامنے واقع ہو سکتا ہے مثلاً خیال (Ideas)، جذبات اور کہانیاں زندہ ہو کر آپ کے سامنے آجاتی ہیں۔ جب آپ انھیں اپنے سامنے کھلتے ہوئے دیکھتے ہیں تو خوش گوار معلوم ہوتا ہے نا؟

اب آپ تصور کریں کہ آپ ان کہانیوں، حالات اور جذبات کا حصہ ہیں۔ مختصر وقت کے لیے، اپنی اصل زندگی میں لوٹنے سے پہلے آپ انھیں جی رہے ہیں؟ کیا یہ دل چسپ نہیں ہے؟

آیئے، ہم اس ڈرامے کی دنیا میں سفر کا آغاز کریں۔ یہ آپ کو ہنسائے گا، رُلائے گا اور ساتھ ہی آپ زندگی کے کچھ اہم سبق سیکھیں گے۔

مجھے معلوم ہے آپ کو مختلف صورت حال تخلیق کرنے میں مزہ آتا ہے۔

کیا آپ نے دوستوں کے ساتھ 'دکھاوا کرنے کا' ناٹک کیا ہے؟

مجھے یقین ہے کہ اپنے کھلونوں سے آپ نے کہانیاں بنائی ہیں!

آپ نے ضرور کسی الگ دنیا میں جانے کا تصور کیا ہو گا۔

© NCERT not to be republished

نمستے! میرا نام وِدُوشک ہے

نمستے! میرا نام وِدُوشک ہے اور میں کئی سال سے تھیٹر میں ہوں۔ تھیٹر میں ہونے والی چھوٹی چھوٹی تفصیلات سے واقف ہوں اور یہاں رہتے ہوئے مجھے ہر لمحہ خوشی ہوتی ہے۔ میں اپنی دنیا دکھانے کے لیے تمھیں ایک خوش گوار اور پُر جوش سفر پر لے چلوں گا۔

© NCERT not to be republished

سب سے پہلے ہم ایک فہرست بنائیں کہ جنھیں آپ تھیٹر کا حصہ سمجھتے ہیں۔

________ ________ ________

________ ________ ________

حیرت انگیز! آپ سے کچھ چھوٹ تو نہیں گیا؟ آپ نے جو فہرست بنائی ہے وہ اچھی دِکھتی ہے، لیکن جو کچھ بھی آپ نے فہرست میں لکھا ہے، کیا آپ کو یاد ہے، آپ نے لکھا ہے 'جو جگہ آپ کے پاس ہے' اور 'جو جگہ آپ کے ذہن میں ہے؟' یہ سب سے اہم چیزیں ہیں جن کی آپ کو ضرورت ہوگی۔ آیئے ہم ان کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

چلیں تلاش کریں!

15

دریافت

ایکٹ 1 منظر 1— حیرت ناک طور سے چلنا

آپ سیکھیں گے

چوکسی اور توجہ، تصور، ارتکاز، ٹیم ورک، چہرے کے تاثرات اور جسمانی زبان۔

سرگرمی 1

سوچنے کے نئے طریقے اور امکانات ڈھونڈیں جب دریافت کریں کہ آپ کس جگہ ہیں، کیا اشیا، اردگرد ہیں، خود کا حجم اور ذہن اور ٹیم میں بھی دوسروں کے ساتھ اپنا تعلق بنائیں۔

تیز رفتار چال

آپ کمرے یا میدان میں یوں ہی چلیں۔ ایک ہی راستے پر یا دائروں میں نہ چلیں۔ جب تک ہدایت نہ دی جائے، رکیں نہیں۔ دوسروں کو نہ چھوئیں، اُن کے پیروں پر قدم رکھنے سے بچیں۔ غور سے سنیں اور ہدایت پر عمل کریں۔

- استاد آپ کو چلنے کی رفتار سے متعلق لگاتار ہدایت دیں گے۔
- رفتار '5' آپ کے چلنے کی عام رفتار ہے۔ رفتار '1' سب سے سست، رفتار '10' تیز ترین ہے۔ (دوڑنا منع ہے)
- شروع کریں۔ کمرے میں '5' کی رفتار سے چلیں، '8' کی رفتار سے چلیں '3' کی رفتار سے چلیں (اور اسی طرح 20-25 سیکنڈ کے وقفے کے بعد)
- اسے تقریباً 5-4 منٹ تک دہرانے کے بعد (یا جب استاد کو یہ احساس ہو کہ بچہ درست سر تال میں ہے) 'جم جاؤ' شامل کریں اور پھر مختلف رفتاروں کے ساتھ جاری رکھیں۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 2 آپ ایک صورت حال میں ہیں!

تلاش کا لفظی معنی ہے نامعلوم سے معلوم کی طرف جانا، یعنی نئی چیزیں سیکھنے کے لیے کھوج کرنا۔ تو کیا آپ اپنے اردگرد کی جگہ کو تلاش کرنے کے لیے تیار ہیں جس کمرے میں آپ ہیں اس کی دیواریں، فرش، چھت اور آپ کے آس پاس کی دیگر چیزیں....اور آپ کے اندر کی جگہ—جو کہ آپ کا دماغ، خیالات اور نظریات ہیں۔

خود کو ایک صورت حال میں تصور کریں

کام 1 (BASIC)

ایسے چلیں جیسے آپ کانٹوں پر چل رہے ہیں۔
ایسے چلیں جیسے تیل گرنے کی وجہ سے فرش پر پھسلن ہو۔
ایسے چلیں جیسے آپ ملائم روئی پر ہوں وغیرہ وغیرہ۔

کام 2 (ADVANCED)

ایسے چلیں جیسے ننگے پاؤں برف پر ہوں... اب ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے... آپ کے پاس مفلر کے علاوہ گرم کپڑے نہیں ہیں.... تیز ہوا اسے اڑا دیتی ہے۔

استاد کے لیے نوٹ

رفتار والی سرگرمی کو ایسے شروع کریں کہ جسم گرم ہو جائے۔ مختلف رفتاروں کے چار پانچ پھیروں کے بعد حالت میں تھوڑی سی تبدیلی لائیں۔ پہلے ہی مثالیں دی گئی ہیں۔ استاد اس میں مزید اضافہ کر سکتا ہے۔ ہر نئی ہدایت کے درمیان 8 سے 10 سیکنڈ کا وقفہ دیا جانا چاہیے۔

© NCERT not to be republished

وقفہ دائرہ کا نوٹ

____

____

____

____

استاد کے لیے نوٹ

یہ ایسی مشق ہے جس کی پابندی سبھی سرگرمیوں کے لیے کی جانی چاہیے۔ سرگرمی کے آخر میں ہر کوئی اپنا تجربہ بیان کرنے کے لیے ایک گھیرے میں بیٹھتا ہے۔

بات چیت اور بازرسی

- سرگرمی کے کس حصے میں آپ کو سب سے زیادہ مزہ آیا؟ کیوں؟
- سب سے زیادہ مشکل یا کم دل چسپ کیا تھا؟ کیوں؟
- مشاہدے کے دوران آپ نے کون سی نئی باتیں محسوس کیں؟
- وہ ایک نئی چیز کیا تھی جو آپ نے اپنے بارے میں سیکھی؟ اگر موقع دیا جائے تو آپ کون سی صورت حال پیدا کریں گے؟
- کیا آپ کسی بھی صورت حال کو حقیقی زندگی کے کسی ایسے واقعہ سے جوڑ سکتے ہیں، جس کا آپ نے تجربہ کیا ہو؟

وہ بہت مزے دار ہوتا ہوگا! آپ کے پاس جب بھی فارغ وقت ہو، آپ اس سے کھیل سکتے ہیں۔ کیسے؟ آپ میں سے کوئی ایک ہدایت دے سکتا ہے اور باقی سب اس پر عمل کریں گے۔ یہ ضروری ہے کیوں کہ، مزہ کرنے کے ساتھ ساتھ یہ آپ کو ہوشیار بناتا ہے۔ چوں کہ آپ کو فوری طور پر ہدایت کا جواب دینا ہے، اس لیے آپ کی توجہ مرکوز ہونی چاہیے۔

جب کوئی شو ہو رہا ہو تو تھیٹر میں چوکنا اور توجہ رکھنا بہت ضروری ہے۔ یہاں تک کہ چند سیکنڈ کی دیری پورے شو کو خراب کر سکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 3

بیٹھنا - مڑنا - چھلانگ لگانا

تیز رفتاری کے ساتھ سرگرمی کی ابتدا جسم گرمانے سے کریں۔ محتاط رہیں! چھلانگ لگانے کے بعد دوسروں کو ہاتھ نہ لگائیں یا اپنے دوست کے پاؤں پر نہ کود جائیں۔

استاد کی ہدایتوں پر عمل کریں اور چلنا شروع کریں۔ جب آپ کو مُڑنے کے لیے کہا جائے تو مُڑ جائیں اور پھر چلنا جاری رکھیں۔ جب جب ٹیچر اُچھلنے کو کہے تو اُچھلیں اور چلتے رہیں۔ ایسے ہی رفتار میں اور ہدایت میں تبدیلی آئے گی تو ذرا چوکنا رہیں۔



© NCERT not to be republished

کام 1 (BASIC)

حرکتوں کو آپس میں تبدیل کریں! اب بیٹھنے کا مطلب ہے گھومنا، گھومنے کا مطلب ہے کُودنا اور کودنے کا مطلب ہے بیٹھنا (رفتار اور ترتیب کو تبدیل کریں)

کام 2 (ADVANCED)

’بیٹھو‘، ’مڑو‘ اور ’چھلانگ لگاؤ‘ کو دوسرے الفاظ سے تبدیل کریں۔ مثلاً ’اڈلی‘ کے معنی بیٹھنا، ’وڑا‘ کھڑے ہونا اور ’سانبھر‘ کے معنی کُودنا۔ استاد ایک کہانی بنا کر ان الفاظ کو اس میں چھپا سکتا ہے۔ مثلاً۔ کل میری دوست لنچ باکس میں وڑا لے کر آئی تھی۔ اس نے مجھے ایک ٹکڑا دیا لیکن اس میں سانبھر نہیں تھا۔

آیئے ہم ایک دوسرا کھیل کھیلیں جس میں آپ کو پہلے کے مقابلے میں زیادہ ہوشیار اور متوجہ ہونا ہے۔ آپ تیار ہیں؟

بات چیت اور بازرسی

- آپ کو سرگرمی کا کون سا حصّہ سب سے زیادہ پسند آیا؟ کیوں؟
- کیا ہدایات کے معنی کو آپس میں تبدیل کرنے سے یہ سرگرمی زیادہ مشکل ہوگئی۔
- آپ اڈلی، وڑے اور سانبھر کو تبدیل کرنے کے لیے کیا استعمال کریں گے۔

وقفہ دائرہ کا نوٹ

آپ نے اچھا کھیلا ہے۔ آپ اگلی منزل کے لیے تیار ہیں! لیکن مجھے یقین ہے کہ آپ کو احساس ہو چکا ہوگا کہ آپ کو مزید مشق کی ضرورت ہے... جب بھی آپ کو کچھ وقت ملے تو یہ کھیل کھیلیں۔ نہ صرف آپ کو مزہ آئے گا بلکہ آپ کی صلاحیتوں میں اضافہ بھی ہوگا۔ جاننا چاہتے ہیں کہ ہم آگے کیا کر رہے ہیں؟

© NCERT not to be republished

منظر 2 — بغیر بولے ترسیل

گفتگو ہماری زندگی کا بہت اہم حصہ ہے۔ گفتگو کیا ہے؟ یہ دو یا دو سے زیادہ لوگوں کے درمیان فکر، خیالات اور احساسات کا بانٹنا ہے۔

کیا آپ اپنے خاندان اور دوستوں کے ساتھ کچھ بھی بولے بغیر ایک دن کا تصور کر سکتے ہیں؟

لیکن رکیے۔ کیا گفتگو کا ذریعہ صرف بولنا ہے؟ کیا ہم بولے بغیر بھی بات کر سکتے ہیں۔ کیا ہم کوئی بات کہے بغیر بہت ساری باتوں کو بیان نہیں کرتے؟

کیا آپ کو معلوم ہے کہ ہم میں سے بہت سے لوگ ہاتھوں کے اشارے سے اشارے کی زبان میں بات کرتے ہیں۔

دیکھتے ہیں یہ کتنا ممکن ہے۔ یہ بات کرنے سے زیادہ مزے دار ہو سکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 4 مجسمہ بننا اور اداکاری کی پہچان

بے ترتیبی سے چلیں یہاں تک کہ استاد کی تالی کی آواز سنیں۔ جب آپ کا استاد تالی بجائے تو آپ مجسمے کی طرح جامد ہو جائیں۔ استاد آپ میں سے کسی ایک کا انتخاب کرے گا۔ دوسرے لوگ اس بچے کے عمل کے معنی کا اندازہ کریں گے۔ دوبارہ بے ترتیبی سے ہر شخص چلتا ہے اور جب تک آپ تالی نہیں سنتے ہیں، یہ چلتا رہتا ہے اور یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔

اپنے قیاس کو زیادہ سے زیادہ 'تخلیقی' پُرلطف اور دلچسپ بنانے کی کوشش کریں۔ کوئی بھی صحیح یا غلط جواب نہیں ہے۔

- زمین کھودنا
- رسی کا کھینچنا

- پانی پینا
- کسی کو پکارنا

بات چیت اور بازرسی

- آپ کو سرگرمی کا کون سا حصّہ سب سے زیادہ پسند آیا؟
- کیا سبھی حرکتوں کو پہچاننا آسان تھا؟ کیوں؟
- آپ نے آج کون سے نئے عمل سیکھے ہیں؟
- آپ اس سرگرمی میں کون سی نئی بات شامل کریں گے؟

وقفہ دائرہ کا نوٹ

____

____

____

کام 1 کچھ اشارے (BASIC)

مختلف حرکات مان لیں۔ اور استاد جب تالی بجائے تو جامد ہو جائیں۔ مثال کے طور پر۔ تھوڑی پر ہاتھ (سوچنا)، صرف ہاتھ استعمال کرتے ہوئے 'پوچھنا' 'کیا؟'

- ٹوکری اٹھائے ہونا
- جیت جانا

کام 2 کچھ آسن (ADVANCED)

کچھ مختلف حرکات کو پیش کرتی ہوئی حرکتیں کریں اور جب استاد تالی بجائیں تو جامد ہو جائیں۔ مثال کے طور پر: کھیت میں کام کرنا، تصویر بنانا، لکڑی کاٹنا، وغیرہ۔

شاندار! یہ مزے دار تھا! جب بھی آپ لوگوں کو مختلف حالت میں دیکھیں، گھر میں، سڑک پر یا آپ کہیں بھی جائیں، اسے ایک دل چسپ معنی دینے کی کوشش کریں۔ مگر ہاں! اپنے دماغ میں!

مجھ پر یقین کرو، بہت مزہ آئے گا! نئے معنی دینے کی یہ صلاحیت آپ کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارتی ہے۔ تخلیقی صلاحیت کچھ نیا، اصل اور کبھی کبھی غیر معمولی بنانے کی صلاحیت ہے۔ یہ وہ تصور ہیں جو گفتگو، مسائل کو حل کرنے یا صرف مزے کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ تخلیقی طور پر سوچنے کی یہ صلاحیت جب آپ بڑے ہوں گے تو آپ کی مدد بھی کرے گی۔

تھیٹر میں، آپ اس سے مختلف منظر اور تصویر بنانے میں استعمال کر سکتے ہیں۔ نئے مناظر اور تصویروں کی بات کرتے ہوئے، اگلی سرگرمی بالکل یہی ہے!

© NCERT not to be republished

سرگرمی 5

گروپ کی بناوٹیں

محفوظ آسرے کے لیے دعا کرتے ہوئے

ہدایات: آپ کو ایک کی خفیہ لفظ دیا گیا ہے۔ آپ اپنے گروپ میں تین منٹ تک بات چیت اور منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ گروپ کے سبھی لوگ مختلف منظر کو بیان کرنے کے لیے مختلف جگہ لیتے ہیں۔ ایسی مشکل پوزیشن نہ لیں جس سے آپ کو تکلیف ہو سکتی ہے۔ یاد رہے، پورے موضوع کو دکھانے کے لیے ہر ایک کی پوزیشن یکساں طور پر اہم ہے۔ عمل کرنے اور خاکہ بنانے کے دوران بات چیت نہ کریں۔

کام 1(BASIC)

’ٹی وی دیکھنا‘، ’کرکٹ‘، ’بس‘ وغیرہ دیا جاسکتا ہے، طلبا کو زیادہ سے زیادہ تفصیلات دکھانے کے لیے اپنی جگہ کو فرض کرنا ہوگا۔

کام 2 (ADVANCED)

بازار، کھیت کے کام، شادی وغیرہ (دُشواری کی سطح بڑھائیں اور باریکیوں پر غور کریں)

استاد کے لیے نوٹ

جماعت کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے بچوں کو 5-6 کے گروپ میں تقسیم کریں۔

اندازہ لگائیں کہ ان شکلوں کا کیا مطلب ہے؟

© NCERT not to be republished

بات چیت اور بازرسی

- آپ کو سرگرمی کے کس حصّے سے سب سے زیادہ مزہ آیا اور کیوں؟
- کس ساخت کو بنانا بہت مشکل تھا؟
- آپ کون سی ساخت بنانا پسند کریں گے؟
- وہ ایک نئی چیز کیا ہے جو آپ نے اپنے بارے میں سیکھی؟

وقفہ دائرہ کا نوٹ

کیا آپ نے دیکھا، بنانے کی صلاحیت آپ کو نئی چیزیں کرنے اور بنانے میں کس طرح مدد کرسکتی ہے۔ بغیر بولے کسی خیال (Idea) کو پیش کرنے کے لیے بہت زیادہ تخلیقی صلاحیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ نے اس کو بہتر طور پر کیا ہے! چوں کہ آپ نے بات چیت کے لیے اپنے جسم کا استعمال کیا ہے، اس لیے اسے جسمانی زبان کہا جائے گا۔ آپ اپنے ہاتھ، پیر، سر اور دھڑ کو زبان کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ یہ تخلیقی صلاحیت ہے!

ہر گروپ میں اپنے دوستوں سے تخلیقی صلاحیت (Creativity) کے بارے میں بات کریں، غور کریں کہ کیسے ہر ایک سے الگ سوچنا کتنا حیرت ناک ہے۔ گھر سے یا دیگر جگہوں سے ایسی مثالوں پر آپس میں گفتگو کریں جن کا آپ نے تجربہ کیا ہو۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 6 جادوئی پٹارا (چیزیں)

ہدایات — آیئے ایک دائرے میں بیٹھیں۔ اب ہم سب کی تعداد گنیں گے۔ استاد کوئی بھی نمبر پکارتا ہے۔ جب آپ کا نمبر پکارا جاتا ہے، تو آپ دائرے کے بیچ میں جاتے ہیں، جہاں خیالی جادوئی پٹارا موجود ہے۔ آپ وہاں سے ایک چیز چن لیتے ہیں اور اس طرح سے نکالتے ہیں جیسے آپ جادوئی پٹارے سے لی گئی چیز استعمال کر رہے ہیں۔ دوسرے بچے آپ کی چیز کا اندازہ لگائیں گے۔

اشارہ: نہ صرف آپ کا عمل (جسمانی زبان) بلکہ آپ کے چہرے کا انداز بھی لوگوں کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔

کام 1 (BASIC)

قلم، کتاب، کافی کا مگ وغیرہ (اشیا کے استعمال کرنے کے مشورے) مثال کے طور پر قلم — لکھنا، کتاب — صفحہ پلٹنا اور پڑھنا، کافی مگ — اس سے پینا اور اس کو گرم محسوس کرنا۔

کام 2 (ADVANCED)

ہتھوڑا اور کیل، سبزی اور چاقو، ٹوتھ برش اور پیسٹ (طلبا ایک ساتھ استعمال ہونے والی دو چیزیں دکھاتے ہیں)

کیا وہ گیند پکڑی ہوئی ہے یا بھاری چٹان اٹھائی ہوئی ہے؟ (عمل میں دونوں ممکن ہیں، لیکن اظہار میں؟) آپ کیا سوچتے ہیں؟

______

______

______

______

وہ اپنے ہاتھ میں کمان اور تیر لے کر میدانِ جنگ دکھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ آپ کے خیال میں اس تصویر میں کیا تبدیلی کی جا سکتی ہے؟

______

______

______

© NCERT not to be republished

بات چیت اور بازرسی

- آپ کتنے عمل کا اندازہ لگا سکتے تھے؟
- کون سی شکل بنانا سب سے زیادہ مشکل تھا؟
- آپ جادوئی پٹارے سے کون سی چیزیں حاصل کرنا چاہتے ہیں؟
- آپ نے اس سرگرمی سے کون سی نئی چیز سیکھی؟

وقفہ دائرہ کا نوٹ

____

____

____

____

____

____

____

تو، آپ کی جسمانی حرکتوں (Body Language) کے علاوہ اور کیا یکساں طور پر اہم ہے؟ آپ کا اظہار (Expression)، آپ کے چہرے پر جو ہے وہ اداکاری کرتے ہوئے بہت اہم ہو جاتا ہے۔ جب آپ باڈی لینگویج اور اظہار کو ایک ساتھ رکھتے ہیں تو آپ کیا کیا کر رہے ہوتے ہیں؟ آپ بات کر رہے ہیں۔ یہ تخلیقی صلاحیت کے لیے بہت اہم ہے۔ اگر آپ اپنے خیالات کو دوسروں تک نہیں پہنچا سکتے تو بہترین خیال بھی ضائع ہو جاتا ہے۔

تھیٹر کا مقصد سامعین کے لیے کہانیاں بنانا اور سنانا ہے۔ ٹھیک ہے؟ تو، اگر آپ تخلیقی صلاحیت میں اچھے ہیں تو آپ بھی سیکھ جائیں گے کہ ان سے گفتگو کیسے کریں۔

لہٰذا، باقاعدہ طور پر تھیٹر سے جڑے رہنے سے آپ کو نہ صرف تخلیقی طور پر آگے بڑھنے میں مدد ملے گی، بلکہ آپ کی گفتگو بھی بہتر ہو جائے گی۔ اگر آپ بہتر اظہار کر سکتے ہیں تو آپ کو اچھی طرح سمجھا یا جائے گا۔

اب ہم اس تخلیق کرنے کے عمل اور ترسیل کے عمل کو اگلی سطح تک لے جائیں گے۔

not to be republished © NCERT